# علاقائی خبریں

08 ستمبر 2026

1:10 P.M.

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے آج لکھنؤ میں دو روزہ یو پی ٹیکس 2026 پروگرام کا افتتاح کیا۔ تقریب کے دوران وزیر اعلیٰ نے ایک نمائش کا افتتاح کیا اور سرمایہ کاری کے دستاویز اور چیک تقسیم کئے۔ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کے شعبوں میں سرکردہ صنعت کاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاست کی ٹیکسٹائل شناخت کوئی حالیہ واقعہ نہیں ہے بلکہ ہزاروں سال پرانی میراث ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس ہنر، انسانی وسائل، ملک کی سب سے بڑی منڈی اور سب سے نوجوان افرادی قوت ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ نو سالوں کے دوران ریاستی حکومت نے ورثے کو جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری، اختراعات اور عالمی منڈی کے ساتھ جوڑ کر صنعتی ترقی کی ایک نئی کہانی لکھی ہے۔

बाइट ........

.....................................................

بین الاقوامی یوم خواندگی کے موقع پر وزیر تعلیم پرہلاد جوشی نے کہا کہ خواندگی علم، مواقع اور بہتر مستقبل کے دروازے کھولتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ تعلیم کو فروغ دیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی سیکھنے سے محروم نہ رہے۔

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ریاست کو "عالمی یوم خواندگی" پر مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ خواندگی صرف حروف کے علم

تک محدود نہیں ہے، بلکہ بااختیار بنانے، باوقار زندگی اور نئے مواقع کے دروازے بھی کھولتی ہے۔

.........................................................

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ آج ایودھیا کا دورہ کریں گے جہاں وہ آنگن واڑی ورکروں اور معاونین کے لیے ریاستی سطح کی اعزازی تقریب میں شرکت کریں گے ۔ ایودھیا ڈویژن سے تقریباً 12,000 سے 15,000 آنگن واڑی کارکنان اس پروگرام میں حصہ لیں گی ۔ ضلع مجسٹریٹ ششانک ترپاٹھی نے بتایا کہ محکمہ کے وزراء اور عوامی نمائندے بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ راشن کی تقسیم کی نگرانی کرنے والے سیلف ہیلپ گروپس کی خواتین بھی شرکت کریں گی۔

.........................................................

بارش اور ڈیموں سے پانی چھوڑنے کی وجہ سے ریاست کے 25 اضلاع سیلاب کی زد میں ہیں۔ وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی اور بچاؤ کا کام جاری ہے۔ ایک رپورٹ

रिपोर्ट.........

دریں اثنا، محکمہ موسمیات نے آج ریاست کے مشرقی اضلاع میں شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔

.........................................................

لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈراور کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہل گاندھی آج اپنے پارلیمانی حلقہ رائے بریلی کے دو روزہ دورے پر پہنچ رہے ہیں۔ وہ آج پربھوٹاؤن میں صرافہ تاجروں کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور مختلف

تنظیموں کے وفود سے بھی ملاقات کریں گے۔ کل، جناب گاندھی ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کوآرڈینیشن اور مانیٹرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں حصہ لیں گے۔

.......................................................

باغپت میں ایسٹرن پیریفرل ایکسپریس وے پر کل ہوئے سڑک حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 13 ہو گئی ہے۔ ایک اور عقیدت مند نے کل دہلی کے ایک اسپتال میں علاج کے دوران دم توڑ دیا۔ حادثے میں زخمی 19 افراد اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

.......................................................

گریٹر نوئیڈا انڈسٹریل ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے گریٹر نوئیڈا میں مال بردار اور مسافروں کی آمدورفت کو الگ کرنے اور گنگا ایکسپریس وے کے ساتھ رابطے کو بہتر بنانے کے لیے ہاپوڑ بائی پاس تک 105 میٹر چوڑی سڑک کی تعمیر کی تجویز پیش کی ہے۔ کل لکھنؤ میں صنعتی ترقی کے وزیر نند گوپال گپتا کی صدارت میں ہوئی میٹنگ میں اس تجویز پر غور کیا گیا۔

.......................................................